اوپٹ آوٹ (اخراج) خط

(نویں گریڈ سے لے کر بارہویں گریڈ کے تمام طلبا، اور 18 سال اور زائد عمر کے ہائی اسکول طلبا کے والدین کے لیے)

وفاق قانون نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) سے ہائی اسکول کے 11 اور 12 گریڈ کے طلبا کی ذیلی معلومات اُن فوج میں بھرتی کرنے والوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کو فراہم کرنے کا تقاضہ کرتا ہے جو اِن معلومات کی درخواست کرتے ہیں، ماسوائے جہاں ایک 18 سال سے کم عمر طالب علم کے والدین ہیں، یا ایک طالب علم جو 18 سال یا زائد عمر کا ہے، محکمئہ تعلیم کو اس بارے میں تحریر میں مطلع کرکے خارج (آپٹ آؤٹ) ہو جاتے ہیں کہ وہ ان معلومات کو افشا کرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ اگر طالب علم کی عمر 18 سال سے کم ہے، والدین کا آپٹ آؤٹ (خط) پر دستخط کرنا لازمی ہے۔ اگر طالب علم کی عمر 18 سال یا زائد ہے، طالبِ علم کا آپٹ آؤٹ (خط) پر دستخط کرنا لازمی ہے۔

- ان اعلیٰ تعلیمی اداروں کے نام، پتہ، اور ٹیلیفون نمبر جو اس معلومات کی درخواست کریں اور / یا؛
- نام، پتہ، اور ٹیلیفون نمبر، اور محکمئہ تعلیم کا طالب علم کو فراہم کردہ محکمئہ تعلیم کا ای میل پتہ فوج میں بھرتی کرنے والے افراد کے لیے جو ان معلومات کی درخواست کریں۔ (برائے مہربانی توجہ کریں کہ فوج میں بھرتی کرنے والوں کی جانب سے طالب علم کو اسکے محکمئہ تعلیم کے ای میل کے پتوں پر بھیجے جانی والی کسی بھی ای میلز کی محکمئہ تعلیم جانچ، کفالت نہیں کرتا یا جائزہ نہیں لیتا ہے۔)

گوکہ ہم ہمارے طلبا کی رازداری کا تحفظ کرنے کے عہد بستہ ہیں، ہمیں اس قانون کی تعمیل کرنا ضروری ہے۔

اگر آپ 18 سال سے کم عمر بچے کے والدین ہیں، اور آپ ان معلومات کے عیاں کرنے کی اجازت نہیں دیتے ہیں، تو آپ کو اس فارم کو مکمل کرنا، اس پر دستخط کرنا اور اس کو **22 اکتوبر، 2025 تک** اپنے بچے کے اسکول کو واپس کرنا لازمی ہے۔ اگر آپ اس تاریخ تک یہ فارم واپس نہیں کرتے ہیں اور آپ کا بچہ 11 یا 12 گریڈ کا طالب علم ہے، تو ہم درخواست کرنے پر آپ کے بچے کی معلومات کو افشا کر دیں گے۔ 9 اور 10 گریڈ کے طلبا کے والدین کے لیے، آپٹ آؤٹ فارم کو پیشگی مکمل اور محفوظ کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ 18 سال یا اس سے بڑی عمر کے طالب علم ہیں، آپ کو لازماً فیصلہ کرنا ہے کہ آیا آپ ان معلومات کو افشا کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ 18 سال یا زائد عمر کے طلبا جو نہیں چاہتے کہ انکی معلومات افشا کی جائے، ان کے لیے اس فارم کو مکمل اور اس پر دستخط کرکے اپنے اسکول کو **22 اکتوبر، 2025 تک** واپس کرنا لازمی ہے۔ اگر یہ آپٹ آؤٹ خط واپس نہیں کیا گیا، اس طالبِ علم کی معلومات کو درخواست کرنے پر افشا کردیا جائے گا۔

18 سال سے کم عمر کے طلبا کے والدین اور 18 سال اور بڑی عمر کے طلبا جو اس فارم کو ابھی مکمل نہیں کرتے وہ اس طالب علم کے محکمئہ تعلیم کے کسی اسکول میں اندراج کے دوران کسی بھی وقت ایسا کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات اور معاونت کے لیے، براہِ مہربانی اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔ آپکے تعاون کا شکریہ۔

آپٹ آؤٹ فارم

برائے مہربانی ذیل کو صرف اس صورت میں مکمل اور دستخط کریں اگر آپ نہیں چاہتے کہ مذکورہ بالا معلومات فوج میں بھرتی کرنے والوں اور / یا اعلیٰ تعلیمی اداروں کو افشا کی جائے۔ اگر آپ ان معلومات کو روکنا نہیں رکھنا چاہتے آپ کو اسے مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

طالب علم کا نام:______________________________ طالبِ علم کی باضابطہ کلاس: ____________________

اسکول کا نام: ____

اگر طالب علم 18 سال سے کم عمر ہے:

☐ میں اس مذکورہ بالا طالب علم کا والدین ہوں، جسکی عمر 18 سال سے کم ہے۔

برائے کرم مناسب خانے پر نشان لگائیں:

☐ **فوج میں بھرتی کرنے والے افراد:** میں نہیں چاہتا کہ میرے بچے کا نام، پتہ، ٹیلیفون نمبر، اور طالب علم کے محکمئہ تعلیم کا ای میل پتے کا اشتراک فوج میں بھرتی کرنے والے افراد کے ساتھ کیا جائے۔

☐ **اعلیٰ تعلیمی ادارے:** میں نہیں چاہتا کہ میرے بچے کا نام، پتہ، ٹیلیفون نمبر کا اشتراک اعلی تعلیمی اداروں کے ساتھ کیا جائے۔

☐ **دونوں:** میں نہیں چاہتا کہ میرے بچے کی معلومات کا فوج میں بھرتی کرنے والے افراد اور اعلی تعلیمی اداروں کے ساتھ اشتراک کیا جائے۔

والدین کا نام: ______________________________

والدین کے دستخط:____________________________ تاریخ: ____________________

اگر طالب علم 18 سال یا زائد عمر کا ہے:

☐ میں مذکورہ بالا طالب علم ہوں اور میری عمر 18 سال یا زائد ہے۔

برائے کرم مناسب خانے پر نشان لگائیں:

☐ **فوج میں بھرتی کرنے والے افراد:** میں نہیں چاہتا کہ میرے نام، پتہ، ٹیلیفون نمبر، اور طالب علم کے محکمئہ تعلیم کا ای میل پتے کا فوج میں بھرتی کرنے والے افراد کے ساتھ اشتراک کیا جائے۔

☐ **اعلیٰ تعلیمی ادارے:** میں نہیں چاہتا کہ میرے نام، پتہ اور ٹیلیفون نمبر کا اعلی تعلیمی اداروں کے ساتھ اشتراک کیا جائے۔

☐ **دونوں:** میں نہیں چاہتا کہ میری معلومات کا فوج میں بھرتی کرنے والے افراد اور اعلی تعلیمی اداروں کے ساتھ اشتراک کیا جائے۔

طالب علم کا نام: ______________________________

طالب علم کے دستخط:__________________________ تاریخ: ____________________